8037 ـ خاوندایپن بیوی کی توین کرتا ہے

سوال

ميں تقريبا پچيس برس سے شادی شدہ ہوں اورميرے كئي بيٹے بيٹياں بھی ہيں ، مجھے اپنے خاوند كی طرف سے كئي ايک مشكلات كا سامنا رہتا ہے ، وہ ميری اولاد ، ہر قريب اوردوركے رشتہ دار كے سامنے ميری ہميشہ اوربغير كسی سبب كے بہت ہی زيادہ توہين كرتا ہے اوربالكل ميری قدرنہيں كرتا مجھے صرف اس وقت سكون ملتا ہے جب وہ گھر سے باہر جاتا ہے ۔
آپ كو علم ہونا چاہيے كہ ميرا خاوند نمازی ہے اوراللہ تعالی كا خوف بھی اس كے دل ميں ہے ، ميری گزارش ہے كہ كوئي اچھا سا طريقہ بتائيں اللہ تعالی آپ كوجزائے خيرعطا فرمائے ۔

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

آپ پرضروری ہے كہ صبر وتحمل سے كام ليتے ہوئے اپنے خاوند كواحسن اوربہتر انداز سےنصيحت كرتی رہيں ، اوراسے اللہ تعالی اورآخرت كی ياد دلاتی رہيں ہوسكتا ہے وہ اسے قبول كرے اورحق كی طرف رجوع كرتا ہوا برے اخلاق كوترک كردے ۔

اگر اس كے باوجود بھی اپنے فعل پر قائم رہتا ہے توپھر اس كا وبال بھی اسی پر ہے ، اورآپ كواس كی اذيت پر صبر وتحمل كرنے كا اجر وثواب ملے گا ، نيز آپ كے ليے يہ بھی مشروع ہے كہ نماز اور دوسرے اوقات ميں اس كی ہدايت كی ليے دعا كريں كہ اللہ تعالی اسے سيدھے راہ پر لے آئے اوراسے اخلاق حسنہ وفاضلہ اپنانے كی توفيق عطا فرمائے ، اورآپ كواس اوردوسروں كے شر سے محفوظ ركھے ۔

آپ پريہ بھی ضروری ہے كہ آپ اپنا محاسبہ كريں اوراپنے دين ميں استقامت اختياركرتے ہوئے اللہ تعالی اورخاوندیا كسی اور كے حق ميں جوكچھ غلطياں اوركوتاہياں سرزد ہوئي ہيں ان سے توبہ كريں ، ہوسكتا ہے آپ پر يہ سب كچھ اس معصيت و گناہ كی وجہ سے مسلط كرديا گيا ہو جوآپ سے سرزد ہوئي ہيں ، اس ليے كہ اللہ سبحانہ وتعالی كا فرمان ہے :

تمہيں جوكچھ مصيبت پہنچتی ہيں وہ تمہارے اپنے ہاتھوں كے كرتوت كابدلہ ہے ، اوروہ توبہت سی باتوں سے درگزر

فرما دیتا ہے الشوری (30) ۔

اس میں بھی کوئي مانع نہیں کہ آپ اپنے سسر اورساس یا پھر خاوند کے بڑے بھائیوں اورجنہیں وہ قدر کی نظر سے دیکھتا ہے سے یہ مطالبہ کریں کہ وہ آپ کے خاوند کونصیحت کریں اوراسے سمجھائیں کہ وہ اپنی بیوی کے ساتھ حسن معاشرت سے پیش آئے تا کہ وہ اللہ تعالی کے مندرجہ ذیل فرمان پر عمل کرسکے :

فرمان باری تعالی ہے :

اوران عورتوں سے اچھے اوراحسن انداز سے بود وباش اختیار کرو النساء (19) ۔

اورایک دوسرے مقام پر اللہ تعالی نے کچھ اس طرح فرمایا ہے :

اوران عورتوں کے بھی ویسے ہی حق ہیں جیسے ان مردوں کے ہیں اچھائي کےساتھ ، ہاں مردوں کوعورتوں پر فضیلت ہے البقرۃ (228) ۔

اللہ تعالی آپ دونوں کے حالات کی اصلاح فرمائے ، اورآپ کے خاوند کوھدایت نصیب فرما کرصحیح راستے اورخیر وبھلائي کی طرف لائے ، یقینا اللہ تعالی بڑی سخاوت وکرم والا ہے ۔ .